# اخبارالوفاق

محمد سیف اللہ نوید
معاون ناظم مرکزی دفتر وفاق

## سانحہ لاہور افسوس ناک اور پاکستان دشمن عناصر کی کارروائی ہے:

اسلام آباد( 24 جولائی 2017 )سانحہ لاہور افسوس ناک اور پاکستان دشمن عناصر کی کارستانی ہے،سانحہ میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں،سانحہ میں ملوث عناصر کا کھوج لگا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے،شہید ہونے والوں کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں،لاہور کی مساجد کے ائمہ وخطباء اور دینی مدارس کے ذمہ داران سانحہ لاہور کے متاثرین کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر،مولانا محمد حنیف جالندھری،مولانا انوارالحق اور دیگر نے سانحہ لاہور پر اپنے تعزیتی بیان میں کیا،انہوں نے سانحہ لاہور کو قومی سانحہ اور پاکستان دشمن عناصر کی کارستانی قرار دیا......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے سانحہ لاہور کے شہداء کے ورثاء سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ ہم ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے خصوصی دعاوں کا بھی اہتمام کیا اور لاہور کی مساجد کے ائمہ وخطباء اور دینی مدارس کے اساتذہ وطلبہ کے نام ہدایات جاری کیں کہ وہ سانحہ لاہور کے متاثرین اور شہداء کے لواحقین کی دل جوئی اور تعاون کے حوالے سے خصوصی اہتمام کریں-وفاق المدارس کے قائدین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سانحہ لاہور کی میں ملوث عناصر کی کھوج لگا کر انہیں کیفر کردار تک پہنچایا۔

## مولانا حق نواز کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے:

اسلام آباد(31 جولائی 2017) چارسدہ میں مولانا حق نواز کی مظلومانہ شہادت افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے،شہید عالمِ دین کے قتل میں ملوث عناصر کا سراغ لگا کر انہیں نشان عبرت بنایا جائے، بے گناہ عالم دین کی شہادت پر حکومتی بے حسی افسوسناک ہے،اہلِ علاقہ میں سخت اشتعال اور غم وغصہ پایا جاتا ہے جسے صرف اور صرف شفاف تحقیقات،غیر جانبدارانہ طرزِ عمل اور ہنگامی اقدامات کے ذریعے کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماوں مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا محمد حنیف جالندھری مولانا انوارالحق اور دیگر نے چارسدہ کے نامور عالم دین مولانا قاری حق نواز کی مظلومانہ شہادت پر اپنے ردِ عمل کا اظہار

کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے شہید عالم دین کی تعلیمی و تدریسی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ وفاق المدارس کے قائدین نے مولانا قاری حق نواز کی شہادت کے بعد حکومتی بے حسی پر کڑی تنقید کرتے ہوئے واضح کیا کہ علاقہ کے عوام اور اہلِ مدارس میں سخت اشتعال اور شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے جسے شفاف تحقیقات، غیر جانبدارانہ طرز عمل اور ہنگامی اقدامات کے ذریعے قابو کیا جا سکتا ہے۔ وفاق المدارس کے قائدین نے مطالبہ کیا کہ شہید عالم دین کے قتل میں ملوث عناصر کا فوری سراغ لگا کر انہیں نشان عبرت بنایا جائے۔

## مدارس کے استحکام میں روزنامہ اسلام کا اہم کردار ہے:

لاہور (نیوز رپورٹر روزنامہ اسلام) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہا ہے کہ وفاق المدارس کی مضبوطی اور مدارس کی تعمیر و ترقی اور استحکام کیلئے روزنامہ اسلام کا بہت بڑا کردار ہے جس پر ہم روزنامہ اسلام کی انتظامیہ کے شکر گذار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعۃ الخیر لاہور میں روزنامہ اسلام سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مولانا محمد حنیف جالندھری کا مزید کہنا تھا کہ وفاق المدارس العربیہ کے کاز اور اہداف کو حاصل کرنے کیلئے روزنامہ اسلام کی خدمات ناقابل فراموش ہیں دینی مدارس کے تحفظ ،استحکام فروغ کیلئے اور الزامات کے توڑ اور اسکے جواب میں بھی روزنامہ اسلام کا تعاون مثالی رہا جس پر میں ذاتی اور ادارے کی جانب سے شکر گذار ہوں۔ ہم روزنامہ اسلام کی ترقی کیلئے ہمیشہ دعا گو ہیں۔

## مالاکنڈ مدارس کے مسائل حل ہونا خوش آئند ہے:

اسلام آباد (5 اگست 2017ء) مالاکنڈ ڈویژن میں دینی مدارس میں طلبہ کے تعلیمی مسائل خوش اسلوبی سے حل ہونا خوش آئند ہے، متعلقہ ذمہ داران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں، ملکی استحکام اور پاکستان میں امن و امان کا قیام اہل مدارس اور علماء وطلبہ کی اولین ترجیح ہے، قیام امن کے لئے ہمیشہ تعاون کیا اور آئندہ بھی قومی سلامتی کے اداروں کے شانہ بشانہ ہیں اور کسی کو مدارس اور ملکی اداروں کے مابین غلط فہمیاں پیدا نہیں کرنے دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد حنیف جالندھری نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے مالاکنڈ ڈویژن کے مدارس کے حوالے سے وفاق المدارس اور اتحاد تنظیمات مدارس کے قائدین اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذمہ داران کے مابین کامیاب مذاکرات اور باہمی اتفاق پر قلبی اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس معاہدے کو خوش آئند اور بہتر مستقبل کے لیے سنگ میل قرار دیا، انہوں نے متعلقہ اداروں

کے ذمہ داران اور وفاق المدارس اور اتحاد تنظیمات مدارس کے قائدین کا شکریہ ادا کیا جن کی کوششوں سے باہمی غلط فہمیوں کا ازالہ ہوا- مولانا جالندھری نے کہا کہ پاکستان کا استحکام اور پاکستان میں امن و امان کا قیام کسی بھی دوسرے سے زیادہ ہماری ترجیح ہے اور اس پر ہم کسی صورت کمپرومائز نہیں کریں گے- مولانا جالندھری نے امید ظاہر کی کہ مالاکنڈ میں ہونے والا معاہدہ ملکی مستقبل کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ واضح رہے کہ مالاکنڈ میں دینی مدارس کے طلبہ پر یہ پابندی عائد کر دی گئی تھی کہ حفظ قرآن کریم کے طلبہ صرف اپنی تحصیل کی حدود میں حفظ کر سکیں گے۔ درس نظامی کے ابتدائی درجات کے طلبہ صرف اپنے ضلع اور آخری درجات صرف اپنے ڈویژن کی حدود میں حاصل کر سکیں گے۔ کسی دوسری تحصیل، ضلع یا ڈویژن کی حدود میں نہیں جا سکیں گے- اس صورتحال پر خاصی کشیدگی پیدا ہوگئی تھی جس کا وفاق المدارس کی اعلیٰ سطحی قیادت نے فوری نوٹس لیا اور جنرل سیکرٹری وفاق المدارس العربیہ پاکستان مولانا محمد حنیف جالندھری نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اعلیٰ حکام سے رابطہ قائم کیا، جس کے نتیجے میں بعد ازاں مولانا جالندھری کی ہدایات پر وفاق المدارس کے پی کے کے ناظم مولانا حسین احمد، رابطۃ المدارس کے ناظم اعلیٰ ڈاکٹر عطاء الرحمٰن اور دیگر تمام مسالک کے دینی مدارس کی تنظیمات کے نمائندگان کے متعلقہ ذمہ داران کے مابین چھ گھنٹے تک مذاکرات جاری رہے اور باہمی معاہدہ طے پا گیا جو نہایت خوش آئند ہے۔

## چیرٹی ایکٹ استعماری ایجنڈے کا آئینہ دار ہے:

اسلام آباد (8 اگست 2017) پنجاب حکومت کی طرف سے چیریٹیز ایکٹ کے نام سے دینی مدارس اور رفاہی اداروں کی مشکیں کسنے کی کوشش افسوسناک اور استعماری ایجنڈے کی تکمیل ہے، اسے مسترد کرتے ہیں، چیریٹیز ایکٹ اسلامی تعلیمات اور بنیادی انسانی حقوق کے منافی ہے، پاکستانی عوام اس کالے قانون کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیں گے، صدقات، زکوٰۃ ادا کرتے ہوئے کسی مسلمان کو کسی سے این او سی لینے کی کوئی ضرورت نہیں، پہلے کی طرح دینی مدارس اور رفاہی اداروں کے خلاف یہ سازش بھی ناکام ہوگی، پاکستان مسلم لیگ کی حکومت اپنی مشکلات میں اضافہ کرنے سے گریز کرے ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا محمد حنیف جالندھری، مولانا انوار الحق اور دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا- وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے چیریٹیز ایکٹ کے نام پر پنجاب حکومت کی طرف سے پیش کیے گئے ایکٹ کو دینی وفلاحی اداروں کی مشکیں کسنے کی کوشش، افسوس ناک اور قابل مذمت قرار دیا اور کہا کہ یہ ایکٹ استعماری قوتوں کے مقاصد کی تکمیل کی کوشش ہے جسے کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے- وفاق المدارس کے قائدین نے مدارس کو زکواۃ و صدقات دینے سے قبل اجازت لینے کو اسلامی تعلیمات اور بنیادی انسانی حقوق کے منافی قرار دیا

اور اسے سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم ان بے جا پابندیوں پر مشتمل قانون کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دے گی-انہوں نے کہا کہ کسی مسلمان کو زکواۃ صدقات ادا کرتے ہوئے کسی این او سی کی کوئی ضرورت نہیں -وفاق المدارس کے قائدین نے پنجاب حکومت کو خبردار کیا کہ وہ اپنی مشکلات میں اضافہ کرنے سے گریز کرے-وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے پنجاب حکومت سے اس ایکٹ کو فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ اگر دینی مدارس اور فلاحی ورفاہی اداروں کے خلاف پنجاب حکومت کی معاندانہ روش برقرار رہی تو راست اقدام پر مجبور ہوں گے۔

## وفاق المدارس اور جے یو آئی کا مشترکہ لائحہ عمل پر اتفاق:

اسلام آباد(17-08-13)وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ناظم اعلیٰ وفاق المدارس حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری کی قیادت میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن سے ملاقات کی ۔اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینٹ اور سیکرٹری جنرل جمعیت علماء اسلام مولانا عبدالغفور حیدری بھی موجود تھے۔وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے وفد میں مولانا جالندھری کے علاوہ مجلس عاملہ کے رکن مولانا پیر عزیز الرحمن ہزاروی،وفاق المدارس صوبہ سندھ کے ناظم مولانا مفتی امداداللہ،وفاق المدارس صوبہ پنجاب کے ناظم مولانا زبیر صدیقی،وفاق المدارس صوبہ کے پی کے ناظم مولانا حسین احمد اور رکن مجلس عاملہ مولانا سعید یوسف شامل تھے۔ اس موقع پر مدارس کو درپیش صورت حال کا جائزہ لیا گیا۔بالخصوص پنجاب میں چیئرٹی بل کے نام پر مدارس کے ساتھ تعاون کا سلسلہ روکنے کی کوشش،دینی مدارس کے کھالیں جمع کرنے پر غیر اعلانیہ پابندی،دینی مدارس کے ذمہ داران کو فورتھ شیڈول کی صورت میں ہراساں کرنے،نیز سندھ حکومت کی طرف سے دینی مدارس کے خلاف کریک ڈاؤن،سندھ میں مرکزی شاہراہوں پر مدارس کی تعمیر پر پابندی سمیت جملہ امور زیر غور آئے۔چھ گھنٹے سے زائد وقت تک جاری رہنے والے اجلاس میں وفاق المدارس اور جمعیت علماء اسلام کے قائدین نے دینی مدارس کو درپیش مشکلات سے نمٹنے کے لیے مشترکہ لائحہ عمل پر اتفاق کیا۔اس موقع پر مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہا کہ ہم بات چیت اور افہام وتفہیم پر یقین رکھتے ہیں،اس لیے پہلے مرحلے میں مسلم لیگ کی قیادت بالخصوص وزیر اعلیٰ پنجاب،اور پی پی قیادت خصوصاً آصف علی زرداری سے دوٹوک انداز میں بات کی جائے گی،معاملات حل نہ ہونے کی صورت میں آئندہ حکمت عملی طے کی جائے گی۔قائدین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مدارس کو درپیش مسائل ومشکلات سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے کسی بھی قسم کے اقدام سے گریز نہیں کیا جائے گا۔